© rasailojaraid.com

خادم حسین

# زبان میری ہے بات اُن کی

- آل پارٹیز کانفرنس میں سب سے پہلے نورانی میاں آئے۔ (ایک خبر)

ان کے ہاتھ میں چھڑی، منہ میں پان اور ایچ ایم انصاری ساتھ تھے۔
عہد و پیماں ہوں تو ایسے ہوں۔

- اُردو بولنے والوں کو اب سندھ چھوڑنا ہوگا۔ (حاکم زرداری، "جنگ" یکم مارچ ۱۹۹۰ء)

میں نے نہیں کہا کہ اُردو بولنے والوں کو سندھ سے نکال دیا جائے (حاکم زرداری، "جنگ" ۲ مارچ ۱۹۹۰ء)
سچ ہے، جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔

- آصف زرداری نے موہری شریف کے عُرس کا افتتاح کیا۔ (ایک خبر)

ایسے لگتا ہے جیسے کوئی کہہ رہا ہو۔ "نور جہاں نے پیر کوڑی شریف کا نکاح پڑھایا۔"

- ایک طرف عورت ہے دوسری طرف مرد — جاؤں تو جاؤں کہاں؟ (عبدالستار نیازی)

نورانی میاں تو عورت سے مار کھا گئے۔ آپ پٹھان ہیں۔ دیکھ لیں!

- میری کابینہ میں فاختائیں زیادہ ہیں — باز کم۔ (بے نظیر)

نہیں نہیں، گدھیں زیادہ ہیں — فاختائیں کم۔

- پولیس تشدد کے خلاف احتجاج کرنے والی کی زبان کاٹ دی گئی۔ (ایک خبر)

یہی ظلم کوئی اور کرے تو وہ قاتل — پولیس کرے تو باوردی ڈاکو کیوں نہ کہا جائے۔

- وفاقی حکومت نے ٹی وی کو پیپلز پارٹی کا "ٹورنگ سینما" بنا دیا ہے۔ (ارشد لودھی)

مومنات کی حکومت ہے — جناب!

- پاکستان کو سُنّی سٹیٹ قرار دیا جائے۔ (علمائے اہلِ سُنّت کا بیان)

بی بی! جمہوریت کے نقطۂ نظر سے بھی مطالبہ بالکل درست ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- ملک میں جمہوریت صرف جنرل بیگ کی وجہ سے ہے۔ (صدر اسحٰق)

وہ تو پہلے دن ہی پتہ چل گیا تھا۔

- ہنگری کی ایک سیاسی جماعت نے ایک سرکاری عمارت سے سُرخ ستارے کا نشان اُتار کر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ (ٹی وی خبرنامہ)

پاکستانی سُرخوں کو مُبارک!

- ہم نے تحریکِ نفاذِ فقہ جعفریہ سے اشتراک کیا ہے۔ اتحاد نہیں۔ (طاہر القادری)

یوں کیوں نہیں کہتے کہ ہم نے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ سے مُتعہ کیا ہے۔ نکاح نہیں۔

- ضیاء کی باقیات پیپلز پارٹی کے وزیر ہیں۔ (غوث علی)

اسے بھی ایک دن لے ڈوبیں گے۔

- نورانی، عورت کی سربراہی کو تسلیم نہ کرنے کا اعلان کریں تو صلح ہو گی۔ (عبدالستار نیازی)

یہ تو ٹھیک ہے مگر، ناز پان مسالہ ......؟

- ساجد نقوی کے کلاشن کوف بردار محافظ، وزیراعظم سیکرٹریٹ کے اندر چلے گئے۔ (ایک خبر)

اور طاہر القادری بے چارے کو کلاشن کوف کی بجائے ڈاکٹر اسرار کو ساتھ لے جانے کی اجازت ملی۔

- پیپلز پارٹی کے ایجنٹ ٹانگ نہ اڑائیں۔ ہم سے زیادہ بدمعاش کوئی نہیں۔ (ولی خان)

نہلے پہ دہلا!

- کانسٹیبل کے گھر ڈکیتی، پولیس نے مقدمہ درج کرنے سے انکار کر دیا۔ (ایک خبر)

کانسٹیبل نے بھی رشوت نہیں دی ہو گی۔

- مولانا نورانی کی بے نظیر سے ملاقات کرائی جائے گی۔ (شیر افگن)

اٹھاسی کے بعد نوّے — ہائے! عرصے کے ترسے۔

- تحریکِ نفاذِ فقہ جعفریہ کی طرف سے مولانا حق نواز کے قتل کی مذمت۔ (ایک خبر)

ع وہی ذبح بھی کرے ہے وہی لے ثواب اُلٹا!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- مولانا جھنگوی کے قتل میں نامزد ملزموں کو خود پولیس کے حوالے کیا ہے

(سید محمد تقی صدر تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پنجاب)

مولانا حق نواز کے قتل کے ملزموں سے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے تعلق کا منہ بولتا ثبوت۔

- روسی، گھروں اور کارخانوں کے مالک بن گئے۔ (ایک خبر)

سوشلزم نے سرمایہ داری سے شادی کر لی۔

- مَیں ہمیشہ یہ کہتا رہا ہوں کہ شرعی اعتبار سے عورت کی سربراہی حرام ہے۔ (نورانی)

اور تنہائی کی ملاقاتیں ــــــ؟

- ایران میں حکومت کے خلاف پُرتشدد مظاہرے۔ (ایک خبر)

ہر عمل کا ایک ردِّ عمل ہوتا ہے۔

- پیر پگاڑہ کی گھوڑی "ملین ایئرسس" نے ڈربی جیت لی۔ (ایک خبر)

ٹھیک ای! طباخی دے بوہڑا! بیا کجھ نیئں۔

- طاہر القادری کو جھنگ کے شہریوں نے شہر میں داخل ہونے سے روک دیا۔ (ایک خبر)

۔کہ قاتلوں کا دوست بھی قاتل ہوتا ہے۔

- میرانی کے خسر بھی وزیر اعلیٰ سندھ تھے۔ (ایک خبر)

ظاہر ہے۔ میرانی کا خسر تو وزیر اعلیٰ سندھ بننے سے رہا۔

- پاکستان پیپلز پارٹی مضبوط پاکستان کی بجائے اپنی حکومت مضبوط کر رہی ہے۔ وزراء اپنی تجوریاں بھرنے میں مصروف ہیں۔ (ولی خان)

غریب پارٹی کے یتیم وزراء پر الزام نہ لگائیے خان صاحب!

- پیپلز پارٹی کسی مہم جو کو مارشل لاء نہیں لگانے دے گی۔ (اکھر)

۵ جولائی ۱۹۷۷ء ــــــ جب اُس نے تمہاری گاگر سے پانی پیا تھا۔ وہ دِن یاد کرو!

- عریانی اور فحاشی کے سخت خلاف ہوں۔ (اداکارہ انجمن)

تو پھر یہ انجمن آرائی کیسی ــــــ؟

بقیہ صفحہ ۴۹ پر

© rasailojaraid.com